# انتباہ

آزاد جموں وکشمیر کے تمام میڈیکل کالجز و پاکستان کے کالجز میں آزاد جموں وکشمیر کے طلباء کی مختص MBBS سیٹوں کے داخلے ہر کیٹگری میں صرف اور صرف میرٹ کی بنیاد پر دیئے جاتے ہیں جس میں کسی بھی قسم کی سفارش وغیرہ کا عمل دخل نہیں ہوتا۔

افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ معاشرے میں موجود چند جعلساز لوگ طالب علموں اور انکے والدین کو میڈیکل میں داخلے کی شدید خواہش کے پیش نظر ان کے احساسات سے کھیلتے ہوئے متحرک ہو جاتے ہیں اور میرٹ نہ ہونے کے باوجود داخلے کا جھانسہ دیکر لاکھوں روپے ہتھیانے کی کوشس کرتے ہیں۔ اور بعض اوقات خود کو انتظامیہ کے فرد ظاہر کرتے ہیں۔ جعلی کاغذات سے جعلی داخلے والا طالب علم ضرور پکڑا جاتا ہے۔

# لہذا

داخلے کے خواہش مند طالب علموں اور انکے والدین سے درخواست کی جاتی ہے کہ ایمان پر قائم رہتے ہوئے میرٹ سے ہٹ کر کسی جعلساز کے جھانسے میں آ کر جعلی داخلے کی کوشش ہرگز نہ کریں جو کہ نہ صرف ناکام عمل ہو گا۔ بلکہ وہ محنت کی کمائی ضائع کرنے کے علاوہ قانون کے شکنجے میں بھی پھنس جائینگے۔ میڈیکل کالج مظفر آباد کی افیشل ویب سے معلومات حاصل کریں۔